حسب ضابطہ رجسٹری شدہ ہے

۷۸۶

[illegible]

حصہ اوّل

الحمد للہ کہ یہ کتاب مستطاب و لاجواب تالیف
کردہ خادم الاطبا منشی اللہ رکھا قریشی
معروف بہ

تحفہ نایاب

یعنی

مجربات عجائب

حسب فرمائش مالک دل محمد تاجر کتب
کشمیری بازار لاہور

قیمت ۵ر

۱۹۳۰ء

ملنے کا پتہ۔ مالک دل محمد تاجر کتب
کشمیری بازار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا تتحرک ذرۃ الا باذن اللہ

مجربات عجائب از بیاض حکمائے قدیم

صاحبان اس کتاب میں تھوڑے نسخہ جات جو کہ نہایت مفید اور تجربہ سے مجرب ثابت ہوئے ہیں درج کئے جاتے ہیں جو مدت سے حکمائے قدیم کے سینہ بسینہ چلے آتے تھے فی الحال اسواسطے چند نسخہ جات کی چھوٹی سی کتاب بنائی جاتی ہے تاکہ ہر شخص اچھی طرح بغیر دل چھوڑنے ختم کرکے فائدہ اٹھائے۔ اگر زیادہ کتاب ضخیم ہو تو اُسکو پڑھتے پڑھتے دل بھی اکتا جاتا ہے۔ مہربان بھائیو میرے مندرجہ ذیل نسخوں کو نہایت کوشش سے تیار کریں اور پورا پورا وزن دوائی کا رکھیں تاکہ بنانے کے بعد پچھتانا نہ پڑے فقط والسلام۔ المکلف احقر العباد خادم الحکماء منشی اللہ رکھا سیالکوٹی حال کشمیری بازار لاہور

مجرب غریب برائے درد نیم سر یعنی درد شقیقہ یا درد آدھا سر

گل ارمنی (۳ ماشہ) ۔ گوند کیکر (۶ ماشہ) ۔ اجوائن خراسانی (۶ ماشہ) ۔ افیون پختہ (۱ ماشہ) کیسر (۲ ماشہ) کل دوائیوں کو خوب باریک کرکے

دو عدد انڈہ مرغی لیکر اُن کی سفیدی نکالکر اُس میں ملا کر پیشانی پر لیپ کریں۔ انشاءاللہ درد دور ہو گا:۔

مجرب مقوی دماغ حریرہ نخود بریان کا چھلکہ دور کر کے تو لہ باریک پیسکر ۳ تولہ روغن بادام میں بریان کرے بعد اسکے نشاستہ ۱ تولہ خشخاس سفید ایک تولہ قند سفید ۱ تولہ ملا کر گائے کے دودھ میں حریرہ پکائیں اور روغن زرد ۲ تولہ گرم کر کے ملا کر نیم گرم کھائیں۔

مجرب مقوی دماغ بادام ۵ عدد کی گری نکالکر رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح چھلکا دور کر کے ادھی چھٹانک مکھن میں ۲ تولہ مصری اور گری بادام ۵ عدد ملا کر صبح نہار منہ کھائیں نہایت فایدہ بخش ہے اکثر طلبا کو استعمال کرنا تقویت ذہن کے لئے مجرب ہے مشکل اسباق یاد کرنے سے دقت نہیں ہوتی

مجرب برائے مسوڑھ جن شخصوں کے مسوڑے خراب ہو کر خون بہنے لگتا ہے ان کے لئے مجرب اور ارزاں دوا یہ ہے سنگ جراحت۔ کو پیسکر مسوڑھوں پر ملیں خون بند ہو جائیگا اور سوزش کم ہو جائے گی۔

نیز اگر دانتوں سے بہنا ہو تو درخت جامن کی لکڑی جلا کر راکھ کر کے ملیں خون بند ہو جائے گا۔ اگر دانتوں میں درد رہتی ہو اور

ہلتے ہوں تو میری ایجاد کردہ دوائی یعنی کلیدِ صحت جس کا اشتہار آخری صفحہ پر درج ہے ایک یا دو قطرہ پھٹکڑی میں ملا کر استعمال کریں۔ انشاءاللہ درد فوراً بند ہو گا۔ اور دانت بھی اسکے استعمال سے سخت ہو جاویں گے یعنی نہیں ہلیں گے۔

مجرب چورن برائے ہاضمہ

پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ (۲ تولہ) اجوائن دیسی۔ گل سرخ۔ طباشیر (۱ تولہ) (۲ تولہ) (۶ ماشہ) پودینہ خشک۔ دانہ الائچی کلاں۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید (۱ تولہ) (۱ تولہ) (۱ تولہ) (۱ تولہ) سونف۔ آملہ مقشر۔ دارچینی۔ پچھر۔ رومی مصطگی۔ نوشادر (۱ تولہ) (۶ ماشہ) (۱ تولہ) (۱ تولہ) نمک سونچل۔ نمک سیندھا۔ نمک لاہوری کل دوائیوں کو (۶ ماشہ) (۶ ماشہ) (۶ ماشہ) کوٹ چھانکر کسی صاف شیشی میں ڈال اوپر سے مضبوط کاک لگا دیں کھانا کھانے کے بعد ۳ ماشہ ہمراہ نیم گرم پانی کے کھائیں۔ درد پیٹ و ہاضمہ کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے :-

فساد خون کیلئے مجرب و آزمودہ نسخہ

حقیقت کل مرضوں کی پیدائش خون کے فساد سے ہوا کرتی ہے جب انسان کا خون صاف نہیں رہتا اور ہاضمہ درست نہیں رہتا۔ تو کوئی طرح کی بیماری انسان پر عائد ہو جاتی ہے۔ پھوڑے پھنسیوں و خارش دیرینہ کے لئے مندرجہ ذیل نسخہ و چورن سنہ بالا استعمال کریں۔ پاپڑی۔ چرائتہ۔ منڈی بوٹی (۱ تولہ) (۱ تولہ) (۱ تولہ)

پوست ہلیلہ زرد کلاں ۱۰ تولہ، عناب ۱۰ تولہ سبکو ۸ سیر پانی میں ایک رات بھر بھگو کر عرق نکال لیں خوراک ۶ ماشہ ہر دو گھنٹہ بعد غذا

مجرب برائے ہیضہ

جب غذا معدہ میں جاکر فاسد ہو جاوے تو قے یا دستوں سے نکالیں جب تک طعام بالکل نہ نکل جائے جلد بند نہ کریں۔ اور اگر پیاس کی شدت اور مزاج میں گرمی یا سبز قے ہووے تو گرم دوا ہرگز نہ دیں پانی کے عوض عرق بادیان یعنی سونف یا نکو دیں اس مرض میں ہتر تدبیر سونا ہے، اور غذا کو روکنا

حب اکسیر

آک کی جڑ مساوی ادرک کے پانی میں کھرل کرکے مرچ سیاہ کے مطابق گولیاں بناویں ایک مریض ہیضہ کو دیں انشاء اللہ اگر بہت نازک حالت ہو تو بھی خداوند تبارک رحم فرماوے۔ نہایت مجرب ہے۔

نیز۔ میری ایجاد کردہ کلید صحت وہ ایک قطرہ مصری کی ڈلی پر ڈال کر دیں انشاء اللہ بہت جلدی فائدہ ہو۔

مجرب المطب نقل از بیاض جناب حکیم شاہ محمد اکبر آبادی سوم

برائے نافع اقسام جنون و مفید برائے افساد خون و دافع زلہ و مضلات۔ و نافع بخار معدہ و اعضائے دیگر۔

نسخہ

الائچی خورد - شاہترہ - مصطگی - گل سرخ ۹ ماشہ (۳ درم) (۳ درم) (۲ درم)
صل آلسوس مقشر - ہلیلہ سیاہ - پوست بلیلہ (تولہ) (تولہ)
آملہ - پوست ہلیلہ زرد - ترید سفید - کوٹ چھان کر گائے کے
گھی میں تر کرکے ایک سیر شاہی شہد ملا کر قوام تیار کرکے اطریفل (تولہ) (تولہ)
تیار کر لیویں - ۲ ماشہ صبح وشام -

مجرب نوشدارو

جو کہ ایک ہندی دوائی برائے تقویت دماغ
اور جملہ اعضاء رئیسہ وخفقان کے لئے

زحد مجرب ہے - نیز چہرہ کو بھی خوش رنگ کرے -
نسخہ ہا گل سرخ - سعد کوفی - قرنفل - مصطگی رومی - اسارون
بادرنجبویہ - قاقلہ صغار وکبار - زرنب - بسباسہ - جوز بوا - قرفہ زعفران
(۷ درم) (۵ درم) (۳ درم) (۳ درم) (۳ درم) (۲ درم) (۳ درم)
ہر ایک دو درم آملہ منقی ایک رطل قند اور شہد کا قوام کرکے ادویہ
کوٹ چھان کر آمیز کر لیں - خوراک ۱۱ ماشہ صبح وشام -

جلق

وہ لوگ جو اپنی تمام عمر کے لئے مشت زنی سے زندہ
درگور ہو جاتے ہیں اور شرم کے مارے اپنی رہی سہی طاقت
برباد کر دیتے ہیں یعنی نامرد ہو جاتے ہیں ان کے لئے نہایت
مجرب واکسیر نسخہ جات درج کئے جاتے ہیں -

پٹی برائے مخلوق

گانجہ لیکر روغن کنجد خالص میں کھرل کرکے کپڑے پر لگاکر قضیب کے اوپر رکھیں سستی کے لئے از حد مجرب ہے۔ ایک ہفتہ کی استعمال سے سستی دور ہوجاتی ہے

پٹی دیگر

یہ نسخہ بہت کوشش سے از بیاض جناب حکیم شریف خاں صاحب مرحوم دستیاب ہوا۔

ریشم کے سفید کپڑے کو آک کے دودھ میں سات مرتبہ ترکرکے اور پھر گائے کے گھی میں ترکریں بعدہٗ خصیوں سے بچاکر قضیب پر باندھیں سہ یوم کے استعمال سے فائدہ ہوجائے گا مگر خوراک بھی قوی ہونی چاہیے۔ ترش چیز سے پرہیز۔

حبوب مجرب برائے بواسیر ہر قسم

پوست ہلیلہ کابلی (۶ ماشہ) پوست ہلیلہ زرد (۶ ماشہ) آملہ (۶ ماشہ) قاقلہ (۶ ماشہ) ہر ایک نخود عرق (۶ ماشہ)۔ پوست پستہ (۶ ماشہ)۔ رسوت (۶ ماشہ)۔ مصطگی (۶ ماشہ)۔ تخم گندنا (۶ ماشہ) پانی میں گولیاں مطابق کنار بنائیں اور ایک گولی ہمراہ شربت بنفشہ صبح شام کہائیں انشاء اللہ آرام ہو۔

قوت باہ

وہ صاحبان جن کو کمزوری باہ ہو وہ مندرجہ ذیل کے

نسخہ جات کا استعمال کریں۔ انشاءاللہ ہر ایک نسخہ خواہ کوئی بھی ان میں سے استعمال میں لاویں ایک ہفتہ کے بعد اس کی تقویت آپ کو خود بخود محسوس ہو جائے گی۔

مجرب حلوہ مرغ مقوی باہ جو کہ استاد زمان حکیم جالینوس صاحب کا ایجاد کردہ ہے درج کیا جاتا ہے۔

مرغ سرخ رنگ (ایک عدد) عرق گلاب میں پکا کر اس میں مغز بادام (آدھ پاؤ)۔ حب الصنوبر (۲ تولہ) مغز خستہ (۲ تولہ) زرد آلو (۲ تولہ) شقاقل (۲ تولہ) آرد گندم (ایک پاؤ) روغن زرد میں بریان کریں پھر مصری سفید۔ دو سیر میں قوام کر کے (ڈیڑھ پاؤ) حلوہ تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ صبح اور ۲ تولہ شام ایک ہفتہ میں خواہ کیسا ہی سست ہو خدا کے حکم سے بالکل درست ہو جائے گا۔

مجرب حلوہ بیضہ مرغ

۵ عدد بیضہ مرغ بمعہ زردی سفیدی ایک پاؤ گھی میں بھونکر ادھ سیر قند سفید ملا کر خوب پکائیں۔ اور مشک و عنبر (اصلی) گلاب میں پیس کر حلوہ مذکور میں ڈال دیں۔ صبح و شام ۶ ماشہ استعمال کریں ایک ہفتہ کے بعد قوت کا اندازہ خود احساس کر لیں گے

مجرب حلوہ برائے قوت باہ

مقوی باہ و مقوی دل و مغلظ منی ہے ۲ سیر گاجر چھیلکر

اور بیج سے کیل نکالکر پاس کریں۔ بعدہٗ گائے کے دودھ
میں پکائیں تاکہ گل جائے بعد اسکو روغن زرد ادھ سیر
میں بریان کریں جب سرخ ہوجائیں تو ڈیڑھ سیر قند سفید
ڈالکر گفچہ پلائیں ثعلب مصری گوند ناگوری ۲ ماسہ خرما ۵ تولہ
بہمن سرخ وسفید موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ مغز بادام
مغز پستہ ہر ایک ۵ تولہ کشتہ قلعی ۳ ماسہ زعفران ۲ ماسہ
مشک ڈیڑھ ماسہ اضافہ کردیں اور بعدہٗ استعمال میں لاویں
نہایت مقوی ہے۔

حب مجرب مقوی باہ و ممسک

عنقرقرحا۔ مازو ی سبز ہر ایک ۳ ماشہ سرخ الائچی کلان ۲ ماشہ
مصطگی ۱ ماشہ تخم ریحان ۔ سب کو پیسکر گولیاں بمقدار نخود لعاب
اسبغول ۱۲ ماشہ کے ہمراہ تیار کریں۔ ایک گولی ہمراہ دودھ کے
کھاویں دو گھنٹہ کے بعد امساک کا بھی لطف اٹھائیں نہایت
مقوی باہ ہیں:-

سرعت انزال

یعنی بسبب کمزوری گردہ کے انزال
جلدی ہوجانا مجرب جوب اپھلی
بمول لیکر سایہ میں خشک کریں تالمکھانا چینا گوند تخو دریان
مساوی الوزن انکی قند سفید ملاکر ایک کف دست ہر روز اور ہمراہ دودھ

گڑ کے کھائیں انشاء اللہ آرام ہو

مجرب عجیب سرعت انزال

جوز بوا خفیفہ اثنا عشر ایک ماشہ بسباسہ ہر دو ایک ماشہ سیاہ مرچ ۳ ماشہ افیون پونے دو ماشہ کوٹ چھانکر نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ ہر روز ہمراہ دودھ استعمال کریں بہت جلدی آرام ہو۔

طلائے مجرب

پان بنگلہ بصد ڈلی چکنی پاؤ بھر باریک گولی بنائیں اس کا عرق کھینچکر ۲۱ روز دھوپ میں بیٹھکر رگ و پٹھہ پر خوب مالش کریں اور جماع سے پرہیز رکھیں انشاء اللہ خواہ کیسا بھی نامرد ہو مرد ہو جائے

مجرب برائے جریان منی و احتلام

از مجربات عجائب و غرائب الائچی خورد۔ موصلی سفید تولہ زیرہ سیاہ تولہ ریوند سفید تولہ کتھہ سفید تولہ رومی مصطگی تولہ طباشیر تولہ پوست انار تولہ سب ادویات کوٹ چھانکر سات عدد پڑیاں بنائیں ایک پڑیا علی الصباح دودھ بکری کیساتھ کھائیں ترش چیز سے پرہیز کریں خدا کے فضل سے آرام ہو جائیگا

مجرب نسخہ دیگر

سنگھاڑہ خشک تولہ بارتنگ و سبز تولہ تالمکھانہ تولہ نشاستہ تولہ گوند کیکر تولہ ثعلب مصری تولہ

مصری سفید ۶ ماشہ ملاکر کوٹ کر باریک کریں ۶ ماشہ سفوف صبح وشام ہمراہ دودھ گائے۔ سات روز تک کھائیں انشاء اللہ آرام ہو۔

طلائے نادر برائے مجلوق

شیر اک ایک چھٹانک کوزہ ہٹی میں نچوڑیں اور سایہ میں خشک کریں جب خشک ہو جائے تو کوزہ کو توڑ دیں اور شیر منجمد لیکر رکھیں حاجت کے وقت تھوڑا سا لیکر مکھن میں ملاکر حشفہ چھوڑ کر پشت قضیب پر ملیں اور اوپر برگ ارنڈ باندھیں تین ہفتہ کے عمل سے بالکل ارام ہو لیکن ترش چیز سے پرہیز رکھیں اور عمل موسم سرما میں کریں۔

مجرب مقوی باہ و گردہ و مثانہ و مغلظ منی و دافع سرعت انزال ترنجبین خراسانی قند سفید ہر ایک نو تولہ شہد خالص ۹ تولہ شیر گاؤ۔ دو سیر میں پکائیں اور مثل کھوئے کر کے بہمن سفید و سرخ و تخم کونچ ایک ایک تولہ شقاقل ستاور ہندی مغز بادام مغز چلغوزہ مغز پستہ تین تین تولہ نرکچور فوری ہر ایک ایک ماشہ زعفران ۳ ماشہ سفوف بناکر ۳ ماشہ ہمراہ دودھ گئے کھاویں نہایت زود اثر اور مقوی ہے۔ یہ نسخہ بہت پورانی کتاب سے نقل کر کے درج کیا گیا ہے۔ جس کو

بہت سے حکمائے قدیم بھی اس کو استعمال میں لاچکے ہیں
اور کئی مریض فائدہ اٹھا چکے ہیں۔

حب مجرب برائے قوت باہ

زرنبسی ۱ ماشہ - افیون ۱ ماشہ - زعفران ۱ ماشہ
دارچینی ۱ ماشہ - جاوتری ۱ ماشہ - مغز بادام ۱ ماشہ
خولنجان ۱ ماشہ - جائفل ۲ ماشہ - تعلب مصری ۲ ماشہ - بھنگ ۳ ماشہ سب کو کوٹ کر
باریک کرکے برابر نخود کابلی گولیاں بنائیں ایک گولی صبح اور
ایک گولی شام ہمراہ دودھ کے استعمال کریں۔ نہایت مفید ہے

نسخہ مجرب طلا

نہایت مفید اور سہل ترکیب اور معمولی اجزا
سے تیار کرسکتے ہیں درج ذیل ہے بھنگ
اعلیٰ قسم - افیم - دارچینی سب ہموزن اور روغن تل سیاہ
اعلیٰ درجہ سب کے برابر لیکر پہلے تیل مذکورہ میں افیم ملائیں
اور پھر بھنگ اور دارچینی کو خوب باریک پیسکر کپڑچھان کرلیں
بعدہٗ سب اجزائے کو تیل میں ملاکر گرم پانی سے عضو مخصوص
کو دھوکر اور کپڑے سے خوب رگڑ کر جب سرخ ہوجائے تو
مالش سیون اور حشفہ چھوڑ کر کریں اور اوپر برگ ارنڈ باندھ
کر رات کو سوجائیں صبح کو گرم پانی سے دھو ڈالیں ایک ہفتہ
کے اندر اندر آرام ہو

مجرب طلائے عجیب — بیگن کلاں لیکر اس میں فلفل دراز ۲۰ عدد

جھبو کر خشک کریں جب خشک ہو جائے تو روغن کنجد میں اس کو پکائیں بعدہٗ شیشی میں سنبھال رکھیں۔ دو تین قطرہ ہر روز عضو پر ملیں انشاءاللہ آرام ہو لیکن حشفہ اور سیون پر استعمال نہ کریں:۔

طلائے مجرب:۔ باہ اور امساک کو تقویت دیتا ہے پوست بیخ ایک تولہ۔ کنجد ایک تولہ پوست کنیر سفید مشک کافور چھ ماشہ سب ادویہ کو زہرہ گاؤ میں کھرل کرے شیاف بنا رکھیں بوقت ضرورت پوست خشخاش کے پانی میں گھسکر طلا کریں مجرب ہے۔

طلائے مجرب برائے سستی قضیب (از مجربات)

خراطین خشک ۵ تولہ کو روغن گاؤ میں جوش دیکر بار بار ایسا کریں کہ یکجا ہو جائے پھر عضو پر استعمال کریں

مقوی باہ و محافظ دماغ

بادام مقشر کر کے گھوٹ کر ہر روز صبح ایک پاؤ دودھ گاؤ مصری ملا کر پئیں۔ نہایت مفید ہے۔

حب مجرب امساک

جائفل۔ خوشحال۔ ثعلب مصری ایک ایک تولہ۔ بسباسہ۔ جدوار خطائی۔ گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

سوزاک

یہ ایک معروف مرض ہے۔ اس کے سبب یہ ہوتے ہیں کہ مثانہ میں گرمی یعنی صفرا کی شدت یا کسی فاحشہ عورت سے جس کو پہلے سوزاک ہو اس کے ساتھ مباشرت کی جائے یا کسی گرم جگہ پتی ہوئی پر پیشاب کیا جائے علاوہ ازیں اگر احتلام ناقص ہو جائے یا بعد مقاربت پیشاب نہ کرنے کی وجہ سے کوئی قطرہ احلیل میں رہ گیا ہو بعض اطبا کا یہ بھی خیال صحیح ہے کہ اگر کسی جگہ سوزاک والا شخص پیشاب کر گیا ہو۔ اور اسی جگہ کوئی دوسرا شخص پیشاب کرے تو بھی سوزاک ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے لیکن زمانہ حال میں بہت لوگ بیچارے بازاری رنڈیوں کے ہی شکار ہوتے ہیں۔ اللہ ان کو ہدایت دے۔ اور ایسی مرضوں سے نجات دے۔

سوزاک اگر تازہ ہو تو ۲ تولہ نشاستہ رات کو کورے برتن گلی میں پانی میں بھگو کر شبنم میں رکھیں اور صبح نتھار کر شربت صندل ملا کر پئیں انشاءاللہ تین چار یوم میں آرام قطعی ہو

پچکاری مجرب کہ قرحہ قدیم کے لئے عورت مرد دونوں

مریضوں کے واسطے مجرب ہے۔

پھٹکڑی انولہ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ دونوں کو بریان کر کے ایک سبز پانی میں گھولکر بوتل میں کاک لگا کو رکھیں۔ ہر روز پانچ چار دفعہ استعمال کریں

نسخہ مجرب برائے سوزاک

سلاجیت۔ ست گلوست بروزہ دانہ الائچی خورد کتھہ سفید۔ طباشیر کبود۔ انولہ سار گندہک۔ گیرو۔ ہر ایک برابر وزن سفوف کریں اور ۲ ماشہ ہمراہ شربت صندل سات روز صبح کو کھلاوے فوراً آرام ہو۔

نوٹ۔ پرہیز سرخ مرچ گرم اشیاسے ضروری ہے

آتشک

صاحبیا

یہ مرض اکثر وہ عورتیں جو کہ حرارت سوزاں سے جلی ہوئی ہوتی ہیں اور اکثر خراب بدکار ہوتی ہیں اُن سے مقاربت بلکہ زناہ کرنے سے ہوجاتا ہے اور عضو کے ارد گرد بیرونی حصہ میں بطور خشخاش کے دانے ہوجاتے ہیں اور خارش جلن زیادہ ہوتی ہے۔ اس سے بڑھکر زخم گول شکل کے ہوجاتے ہیں لیکن دردِ اسقدر کہ

مقدور سے باہر۔ اللہ بچائے صاحب علاج کو چاہیے
کہ اچھی طرح تحقیق کرکے علاج کرے صاحب علاج کو چاہیے
مسہل کرانا چاہیے تاکہ مادہ غلیظ آتشک بذریعہ سہال
خارج ہوجائے بعدہٗ نسخہ تبرید پلانا چاہیے۔

مجرب مسہل یعنی جلاب برائے مریض آتشک

دال چنا بریاں لے کر اس کو
تھوہر کے دودھ میں ترکریں بعدہٗ اسکو کھرل کرکے بقدر
رتی کے گولیاں بنائیں جیسا آدمی مریض ہو ویسی ہی
گولی ہمراہ آب دیں۔ اور جب دست بند کرانے درکار ہوں
تو کسی دودھ کی دیدیں۔ فوراً دست بند ہوں کھچڑی پلا

نسخہ تبرید

گاؤزبان ۶ ماشہ عناب ۵ دانہ ملا کر جوش دیں اور
بعدہٗ لعاب بہدانہ ملا کر ہمراہ شربت بنفشہ بھی پلادیں۔
فوراً گرمی طبیعت کی دور ہوجائے گی اور آہستہ آہستہ
آرام ہوجائے گا۔

حبوب مجرب برائے آتشک

طباشیر۔ دانہ الائچی سفید۔
گلابی کتھ زنگار آک کی جڑ
ہر ایک ایک تولہ عرق گلاب میں نیم کے ڈنڈا سے کھرل کرکے

بقدر نخود گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام کو کھلاویں خدا کے فضل سے ۳ یا ۴ روز میں بالکل آرام ہو (غذا) گھی سے روٹی کھلائیں۔

(پرہیز) سرخ مرچ کھٹائی تیل کی تلی ہوئی چیز۔

کمزوری جگر یعنی ضعف جگر

ضعف کبھی جگر کی چاروں قوتوں میں اور کبھی بعض میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کے سبب تین ہوتے ہیں ایک سوئے مزاج خاص۔ جگر یا سارا بدن۔ دوئم اعضائے مشارک یعنی مشارکت یعنی پتہ تلی۔ گردہ۔ معدہ ورحم وغیرہ میں خلل ہو جائے۔ سوئم امراض جگر مثلاً امتلا و سردورم و عفونت وغیرہ باقی اور علامات واقفان فن حکمت پر ظاہر ہیں۔

ضعف جگر کے واسطے انار شیریں خیار تر سبز نگترہ نہایت مفید ہے۔ جن کے استعمال سے مریض بھی کنارہ کشی نہیں کر سکتا

مجرب سفوف برائے ضعف جگر لک مغسول ۶ ماشہ۔ ریوند چینی ۳ ماشہ عصارہ غافث ۳ ماشہ۔ بادیان ۵ ماشہ تخم سرمق ۶ ماشہ۔ تخم کاسنی ۵ ماشہ۔ تخم کشوث ۱۰ ماشہ۔ تخم کرفس ۳ ماشہ سب

ادویات کو خوب باریک پیسکر سفوف تیار کریں خوراک ۲ ماشہ

ضماد مجرب برائے ضعف جگر

سعد کوفی سنبل الطیب کندر سک جوز السرو۔ پانی میں خوب گھوٹ کر جگر کے مقام پر لیپ کریں۔ انشاء اللہ آرام ہو جائے

علاج طحال یعنی تلی

جگر کے قریب ایک گولہ سا ہو جائے تو تلی اور تاپ تلی یا پلیھی بھی کہتے ہیں۔ اس مرض سے بدن لاغر اور سست ہو جاتا دوسرے تیسرے دن بخار بھی آنے لگ جاتا ہے۔ اس کا علاج فوراً کرنا چاہئے ورنہ اگر دل کے قریب وہ گولہ بڑھتا بڑھتا بڑھ جائے تو مریض کی حالت خطرناک ہو جاتی ہے جہاں تک ہو سکے علاج میں تاخیر نہ کریں۔ لیکن ایسی دوا سے بھی پرہیز درکار ہے جن سے مرض کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہو مثلاً اس علاج میں تیزاب وغیرہ کا استعمال نسخوں میں کیا جاتا ہے۔ اگر صاحب علاج کوئی ایسا نسخہ تیار مریض کے لئے کرے تو اُن کے طبیعت کو خود اچھی طرح سے دریافت کرے کہ آیا اسکے واسطے یہ نسخہ اچھا ہو گا۔ یا نقصان دہ ہو گا۔ ایسا نہ کرے جس کے ساتھ بجائے فائدہ کے بیچار

سے بعض کو نقصان پونہچے ہیں نے وتین نسخہ جات جو درج ذیل کئے ہیں - ان سے کئی میرے رفیقوں نے فائدہ اٹھایا ہے اور میں نے ان کو یہ نسخے تحریر کرا دیئے تھے تاکہ یہ لوگ بھی دوسرے اپنے بھائیوں کو فائدہ پہنچائیں ناظرین بھی ان نسخوں سے ضرور فائدہ اٹھائیں لیکن جس طریق سے نسخہ بنانا درج ہو اس طرح بنائیں - اور جو پرہیز ہو ویسے ہی پرہیز کرائیں -

نسخہ مجرب برائی تلی ایک تمہ لیکر اس میں نمک لاہوری دس تولہ جو کوب کرکے بھر دیں - اور مہنہ پر آٹا لگائیں اور خوب بند کر دیں. پھر کسی چولھے میں آگ کے نیچے دفن کریں. جب آٹا سرخ ہو جائے - تو نکالکر آٹا دور کریں - اور تمہ بمعہ نمک کو خوب باریک پیسکر کسی بوتل میں ڈالدیں اور اوپر کاک لگادیں - ہر روز صبح کو ایک درم یعنی ۳ ماشہ پانی سے کہلاویں - نہایت مجرب ہے - خدا کے فضل و کرم سے بہت جلدی فایدہ ہو پرہیز چاول گنا اور مکئی وغیرہ سے ضروری کرنی درکار ہے

نسخہ مجرب برائے تلی اس نسخہ کے استعمال سے بھی کئی

مریضوں نے فائدہ اٹھایا ہے۔ نیز اس کے اجزا بھی نہایت مفید ہیں جن کے دیکھنے یقین ہو جاتا ہے کہ اس سے ضرور تلی کو فائدہ ہو جائیگا۔

فلفل گرد اور فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ نمک سنگ اور نمک شیشہ نمک سبجی۔ شورہ قلمی نوشادر ہر ایک ڈھائی تولہ اجواین خراسانی پانچ تولہ جوکھار خردل یعنی رائی آک کے پھول ہر ایک ایک تولہ سونف دس تولہ سب کو ابزا کو اکوار کندل، یعنی گھیگوار کے پانی یعنی لعاب میں کوٹ چھانکر گولیاں مطابق دانہ خنیا کے تیار کریں اور ہر روز ایک گولی صبح اور ایک ۴ بجے ہمراہ عرق سونف کے مریض دیدیویں پرہیز گنا و نکئی و تیل وغیرہ سے ضروری ہے۔

مجرب حب برائے سختی طحال

ایلوا اور سہاگہ بھونا ہوا مساوی الوزن قند سیاہ میں ملاکر گولیاں تیار کریں اور موافق حاجت کے ایک ماہ تک کھائیں اگر ہر روز نہ کھا سکیں تو ایک دن چھوڑ کر یا دو دن چھوڑ کھائیں رات کے وقت بعد غذا کے کھانا چاہئے۔ مگر جب ایک غذا کھائے ہوئے گذر چکا ہو تو اس کے بعد کھائیں اور گولی کھانے کے بعد اور کوئی

چیز اوپر سے مثلاً گنا وغیرہ کھٹی اشیاء اور نفخ یعنی اپھرا کرنے والی ہرگز استعمال نہ کریں ان چیزوں سے اس مرض میں بہت پرہیز درکار ہے۔ اس دوائی کے کھانے سے اکثر مزاجوں کو ایک دو دست بھی آجاتے ہیں جنکا کوئی فکر نہیں ہے بعض مریض گھبرا کر دوائی چھوڑ دیتے ہیں۔ گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے انشاء اللہ آرام ہو جائے گا

پیچش

یہ ایک ایسی بُری مرض ہے کہ خدایا پناہ۔ مریض بیچارہ اسقدر بیچین ہوتا ہے جس کا اندازہ باہر از قیاس ہے دن بدن لاغر اور چہرہ کا رنگ بالکل زرد ہو جاتا ہے۔ ہو جاتا ہے۔ تمام بدن کا خون بذریعہ دست خارج ہو کر مریض کو کمزور اور بیجان کر دیتا ہے۔ اگر علاج نہ کیا جائے تو ایک دن مریض راہ عدم کو چلتا ہے۔ لیکن اگر خدا کو منظور ہو تو وہ بڑا حکمت والا ہے۔ بغیر دوا کے علاج کر سکتا ہے۔ اسی کے قبضے میں ہی سب کچھ ہے۔۔

مجرب دوائی برائے پیچش کے جو کہ خون کے ساتھ یا بغیر خون کے ہو۔ نہایت مجرب ہے (نسخہ) زنگی ہیرڑوں کو روغن

میں چکنا کرکے لوہے کے برتن میں بھون لیں یہاں تک
کہ وہ پھول جائیں۔ ایسا نہ ہو کہ بھوننے سے جل جائیں
بعد اس کے کوٹ چھانکر اسی قدر شکر سفید ملائیں اور
اس سفوف میں سے چھ ماشہ ہمراہ پانی کے کھائیں۔
خوراک چاول اور چھاچھ۔

مجرب برائے پیچش سونٹھ۔ سونف۔ مغز بیل ہر ایک
سات ماشہ مصری سفید دس
ماشہ ہر ایک کوٹ چھانکر خوب باریک کریں پہلے روز
جس دن سفوف کو شروع کریں اس طریق سے استعمال
میں لاویں یعنی پہلے دن سات کھائیں اور دوسرے
دن اس کی خوراک دس ماشہ اور تیسرے دن چودہ ماشہ
ہمراہ پانی کے استعمال کریں خدا کے فضل سے جلدی آرام
سنگرہنی پرانی اور دستوں کے لئے نہایت مجرب اور
فائدہ مند ہے۔

مجرب دوا سنگ بصری اور زرد یشب بھونی ہوئی
جاوتری دونوں کو مساوی الوزن پیسکر
چھ ماشہ سے شروع کریں اور بتدریج ۹ ماشہ تک
دے سکتے ہیں بعض حکماء جاوتری کا وزن سنگ بصری

سے نصف کرتے ہیں اور بعضے بارتنگ بھی ان کے ساتھ ملاتے ہیں سب کو پانی کے ساتھ استعمال کرائیں یعنی تناول کرائیں اور بعد کھانے دوا ہذا کے چند لقمہ ہر غن کھائیں کہ حضرت سنگ بصری کی دور ہو جائے خدا کے حکم سے پرانی سنگرہنی سات روز میں دور ہو جائیگی اور طریق بھوننے کا درج ذیل ہے۔

آگ پر سنگ مذکور کو سرخ کریں اور اکیس دفعہ گلاب کے عرق اعلےٰ قسم میں ٹھنڈا کریں اور اگر سو دفعہ طریق ہذا کریں تو نہایت مفید اور مجرب ہو گا۔ اور بعض اطبا سنگ بصری کو انار کے سبز پتوں میں لپیٹ کر آگ میں لال یعنی سرخ کرتے ہیں۔ اور پھر گلاب میں سرد کرتے ہیں۔ اور بعضے حکیم دہی یعنی جغرات میں سرد کرتے ہیں اور بعضے طبیب لیموں کے تازے پانی میں سرد کرتے ہیں۔ صاحب قادری اپنی تحریر سے یوں بیان کرتے ہیں۔ کہ میرا عمل صرف یہی تھا سنگ بصری کو آگ میں سرخ کر کے دس بار گلاب میں بجھا کر اور عمل ہذا دس بار دہی و دس بار آب لیموں اور دس بار انار کے سبز پتوں میں بجھا کر استعمال میں لاتا تھا بندہ اس کی تائید کرتا ہے کہ حکیم صاحب موصوف کا طریقہ نہایت اعلیٰ اور مجرب ہے

ومفید ہے۔

نہایت مجرب نسخہ جو کہ بحکم خدا سنگرہنی کو ایک روز ہیں ہی دور کرکے مریض کو شفا دیتا ہے۔ (مجرب) دانہ ہو بہر پیسکر بلوط مقشر کشنیز خشک یعنی دھنیا بھونا ہوا۔ سماق خرنوب کے بیج زیرہ مدبر۔ نان قطیر خشک کند اجواین سب برابر وزن پنیر مایہ بکری کا خرگوش کا یا ہرن کا نیم جزو سب اشیا بالا کوٹ ہر ساعت میں قدرے استعمال کریں۔ حتیٰ کہ چھ سات تک اسی طرح تناول کریں۔ انشاء اللہ اسی روز میں شفا ہو۔

مجرب دوا (ازمنقول بقائی) جو کہ بچوں کے دستوں کو بند کرتے ہیں نہایت مجرب ہے۔ دھاوا بیلگری اندرجو۔ تلخ چترک ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول اور مصری سفید چھ ماشہ کوٹ چھانکر چار ماشہ اس میں سے دہی گائے کے ساتھ کھلائیں۔ غذا دال مونگ مقشر ہمراہ (خشکہ چاول) کے

(مجرب سفوف قاطع الدم یعنی خون کے بند کرنے میں نہایت مجرب ہے المجرب) ریوند چینی ساڑھے تین ماسہ مامیران چینی دو ماسہ ورق رسوت پوتے دو ماسہ عصارہ لحیۃ التیس ساڑھے تین ماسہ

پیسی ہوئی کہربا ایک ماشہ تین چاول ہڑ سیاہ ساڑھے دس ماشہ باریک پیسکر سفوف تیار کریں ساڑھے تین ماشہ بوقت علی الصبح یعنی بوقت ناشتہ اور ساڑھے تین ماشہ بوقت خفتن یعنی سوتے وقت تناول کریں خدا کے حکم سے نہایت مفید ہے۔

عرق

جو کہ مامون عباسی کے لئے حضرت امام ہمام علی بن موسی الرضا علیہ التحیۃ والثناء نے ایک رسالہ بنام ذہبیہ تحریر فرماکر روانہ خدمت کیا تھا جو کہ معاملہ صحت اور تدبیر اغذیہ اور اشربہ اور ادویہ میں روانہ فرمایا تھا رقم کیا ہے۔

مویز منقی ساڑھے چار سیر لے کر ان کو دھوکر صاف کریں کہ وہ مٹی غبار وغیرہ سے پاک ہو جائیں پھر ان کو مصفا پانی میں بھگو دیں۔ اسقدر کہ چار انگل پانی مویز کے اوپر رہے اور رہنے چھوڑیں اگر موسم سرما ہو تو تین دن بھگو رکھیں اور موسم گرما میں تیار کرنا منظور ہو تو ایک رات صرف بھگوئیں بعدہ ان کو دیگ میں ڈال دیں۔ مگر ضروری بات یہ ہے کہ مذکورہ پانی جس میں مویز بھگوئے جائیں وہ بارش کا پانی ہونا

چاہئے۔ ورنہ آب چشمۂ شیریں کہ کنارہ اسکا شرق کی طرف ہو گویا کہ اگر گنگا کا پانی دستیاب نہ ہو سکے تو نہایت مصفا پانی چشمہ کا ہونا ضروری ہے۔ پس دیگ میں ڈال کر اسی پانی میں پکائیں یہانتک کہ مضمحل ہوجائے۔ نچوڑ کر چھان لیں اور جب سرد ہوجائے تو پھر دوسری دفعہ دیگ میں ڈالکر لکڑی لمبی سے اندازہ کریں کہ کتنا پانی دیگ میں ہے۔ مدہم آگ سے جوش دیں یہانتک کہ پانی دو حصہ جل جائے اور ایک حصہ پانی رہ جائے۔ پھر شہد خالص جس میں کہ کوئی ملاوٹ نہ ہو ساڑھے سات چھٹانک آب جوشیدہ میں ڈالیں لیکن پیشتر شہد ڈالنے کے اس مویز کے پانی کا اندازہ کرلیں۔ اور بعد میں شہد ڈالکر اسقدر جوش دیویں کہ شہد کے قدر پانی جل جائے۔ اور اندازہ اول ہو جائے نیز جس وقت شہد ڈالیں اس وقت ایک سفید کپڑے کی تھیلی تیار کریں اس میں سونٹھ ساڑھے تین ماشہ لونگ پونے دو ماشہ دارچینی پونے دو ماشہ زعفران ساڑھے تین ماشہ بالچھڑ ساڑھے تین ماشہ ناریل ساڑھے تین ماشہ مصطگی پونے دو ماشہ علیحدہ علیحدہ کوٹ کر تھیلی مذکورہ میں بھر کر سوئی سے سی لیں پس جس وقت ڈالنا ہو اسی وقت اس تھیلی کو بھی ڈالیں

پشت کفچہ سے تھیلی کو دباتے رہیں تاکہ دوائیوں کا اثر
نکل جائے۔ تھیلی کو ہلاتے رہیں اور ملائم آگ پر جوش دیتے
جائیں جب مقدار شہد کے جل لے تو اتار کر سرد کریں
اور چینی کے مرتبان میں ڈال کر تین ماہ تک رکھ چھوڑیں بعد
وقفہ ہذا کے اس طریق اور مقدار سے نوش کریں دو تولہ یا
ماشہ عرق ہذا اور خالص پانی ملا کر دو گھنٹہ طعام سے پیشتر نوش
فرماویں۔ بچہ کو خدا کے حکم سے اسی دن میں پرانے سرد
درد دل یعنی لقرس اور بیاج - درد معدہ اور جگر و داغ
اور تلی اور احشا اور آنتوں کے لیے مفید اور مجرب ثابت
ہو جائے گا۔ بدن کی مضبوطی اور حفظ صحت کے لئے
مجرب ہے موسم سرما میں یا گرمی اور سردی کے درمیان
یعنی موسم بہار میں مفید ہے۔

متفرق مجرب نسخہ جات امراض

جو نسخہ درج ذیل کئے جاتے ہیں۔ وہ بہت [illegible]
اور تیر بہدف ہیں جو کہ بہت پرانے قلمی ذخیرہ سے
درج کئے گئے ہیں ملاحظہ فرماویں اور ان کو آزما کر دیکھیں
ساتھ ہی بعض امراض کے روحانی علاجات بھی شامل کئے

گئے ہیں چونکہ بہت متقی اور پرہیزگار عاملوں کے آزمائے ہوئے ہیں

درد سر

میری ایجاد کردہ کلید صحت جس کا اشتہار آخری صفحہ کتاب پر درج ہے اس کو منگا لیجئے اور ایک یا دو قطرہ صاحب درد سر کو پیشانی پہ ملیں خدا کے حکم سے فوراً دو تین منٹ کے اندر سر درد غائب ہو اور مریض اس درد سے نجات ہو اگر آپ وقت پہ نہ منگوا سکیں تو مریض کی پیشانی کو مضبوط پکڑ کر پانچ دفعہ کلمہ شریف اور بسم اللہ شریف کا دم کریں خدا کے فضل سے آرام ہو

درد گلو

میرا مجرب اور آزمایا ہوا نسخہ اس مرض کے لیے جادو کا اثر رکھتا ہے نیز خواہ کوئی گلے کی مرض ہو اس کے لئے بھی اکسیر بے نظیر ہے شہتوت سیاہ کے پتے آدھ پاؤ کے قریب لے کر ان کو پانی میں خوب جوش دیں حتی کہ پتوں سے پانی کا رنگ زرد ہو جائے پھر معمولی نیم گرم یعنی جتنا نیم گرم سہ سکو غرارے کریں انشاء اللہ تعالی درد گلو کو دو دو دفعہ یا تین دفعہ کرنے سے فوراً آرام ہو اور نیز آج کل کی نئی مرض یعنی وبائی زکام جس کو انگریزی میں ڈاکٹر انفلوئنزا کہتے ہیں اس مرض کے لئے بھی نسخہ مندرجہ بالا اکسیر ہے مجرب

آزمودہ ہے۔ وہ مرض گلے سے ہی شروع ہوتا ہے اور جب گلے کا فوراً علاج ہو جائیگا تو انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔

دردِ کان درد کان کے لئے میرا ایجاد کردہ روغن یعنی کلید صحت منگوا کر ایک یا دو قطرہ ہمراہ تیل سرسوں نیم گرم کان میں ڈالیں۔ خدا کے حکم سے فوراً دو منٹ کے اندر آرام ہو اگر یہ جلدی نہ کر سکیں تو پانی گل زنبق ڈالیں درد بند ہو

مجرب علاج کونپل درخت نیم ایک تولہ۔ تھوم دو تولہ افیون ایک ماشہ روغن کنجد پندرہ تولہ سب کو روغن میں جلا کر صاف کریں اور قدرے کان میں ڈالیں درد بند ہو اور اگر کان بہتا ہو اور پیپ بہت خارج ہوتی ہو تو آب برگ نیم چھ ماشہ مرداسنگ ایک ماشہ افیون ایک ماشہ شہد خالص ایک تولہ ملا کر تھوڑا سا دوا کان میں ڈالیں بہ حکم خدا شفا ہو اور مریض نجات پائے۔

مجرب برائے دردِ کان ہلہل کا پانی دو تین قطرے کان میں ڈالو مریض کو فوراً درد سے آرام ہو

مجرب برائے نکیر گیرو اور صندل سفید دونو گھوٹ کر پیشانی

پر لیپ کریں نکسیر بند ہو

نسخہ مجرب الائچی خورد سرخی کاہی سفید، نرکچور کشمیری ہٹھ کتھ صاف ہر ایک لیکر باریک پیسکر ان کی نسوار بنائیں ہر ایک دوائی وزن ۶ ماشہ ہونا چاہئے نہایت مجرب اور مفید ہے۔

مُنہ میں چھالے پڑ جاتا

اگر منہ پک جائے یعنی چھالے پڑھ جائیں۔ تو طباشیر تین ماشہ الائچی خورد تین ماشہ۔ سرد چینی تین ماشہ ہر ایک چیز کو کوٹ کر باریک کریں۔ اور چھالوں پر چھڑکیں مجرب ہے۔ اگر دوائی سے کم خرچ درکار ہو تو نیلہ تھوتھا ۳ ماشہ پانی میں باریک کرکے گھول دیں اور اس کے ساتھ غرارے کریں خدا کے فضل سے ارام ہو

بدبو دہن اگر منہ سے بدبو آتی ہو تو اس کے واسطے ذیل کی گولیاں تیار کریں۔ الائچی خورد چھ ماشہ چھالیہ چھ ماشہ لونگ دو ماشہ سب کو باریک کرکے پان کے پتوں کے پانی اور عرق گلاب اعلیٰ قسم میں ملا کر گولیاں بقدر دانہ دال مونگ کی تیار کریں منہ میں رکھنے سے منہ سے خوشبو آئے اور بدبو دفعہ ہو نہایت مفید ہے

چشم

سب سے زیادہ یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ آنکھ سب اعضا سے افضل اور برتر ہے۔

آنکھ میں جب تک کہ کوئی تکلیف نہ ہو کوئی دوا ہرگز نہیں ڈالنی چاہئے مگر جب سمجھیں کہ آنکھ کو کوئی بھی تکلیف ہے تو فوراً علاج کرنا چاہئے تاکہ مرض زیادہ نہ بڑھ جائے

رمد

یعنی آنکھ میں سفیدی کا سرخ ہو جانا رمد کہلاتا ہے اگر رمد اور درد اور ورم ہو تو اس کا علاج یہ ہے۔

شب یمانی۔ زرد چوب۔ بہیدانہ۔ گندھم۔ لودہ پٹھانی سب اجزاء کو مساوی الوزن پیسکر ٹکیاں بنائیں اور نیمگرم کرکے آنکھ پر باندھیں۔ خدا کے فضل سے آرام ہو۔

اگر آنکھ میں سرخی زیادہ ہو جائے تو معمولی اور اکسیر علاج یہ ہے کہ پھٹکڑی کو بار یک پیسکر پانی میں ملا کر آنکھ پر لگائیں اور رات کو سوتے وقت بلائی دودھ آنکھ پر باندھیں خدا کے فضل سے آرام ہو

مجرب برائے امراض چشم

پھٹکڑی بریان چار ماشہ۔ افیون دو ماشہ رسونت آٹھ ماشہ برگ نیم تازہ پانچ عدد زعفران یعنی کیسر پانچ سرخ سبکو کھرل آہنی سے رگڑ کر گولی بنا رکھیں ضرورت کے وقت

طلا کریں نہایت مجرب اور مفید ہے۔

اکسیر

یہ نسخہ جو درج ذیل کیا جاتا ہے بہت سی امراض کے لئے اکسیر بے نظیر ہے جس کو حکمائے قدیم بھی اپنے استعمال میں لاتے رہے ہیں اور اب تک یونانی حکما بھی تیار کرتے ہیں لیکن اگر آپ اس کو دوا سازوں سے لینگے یا بنوائیں گے تو یہ نسخہ اکسیر کا کام ہرگز دینے سے قاصر رہیگا کیونکہ وہ صاحب برائے فروخت دکان اجزائے میں کمی بیشی بھی کر لیتے ہیں اور اگر آپ خود تیار کریں تو آپ اس کے اجزاؤں کو بھی خوب صاف کریں گے اور اوزان بھی پورے رکھینگے تو نسخہ مجرب اور اکسیر بن جائے گا۔ امراض یعنی تیرگی چشم۔ نزلہ زکام دوار۔ آواز گوش لقوہ فالج صرع۔ سبات۔ نسیان مالیخولیا۔ یرقان ضعف اعصاب گندگی دہن۔ سیلان لعاب دہن کھانسی نزف دم۔ ضعف معدہ۔ ضعف جگر۔ سرعت انزال کے لئے اکسیر بے نظیر ہے۔ یونانی حکیم اس کو پوشیدہ رکھتے ہیں اور اس کا نام رشتہ شفا ہے۔

نسخہ۔ فلفل سیاہ فلفل سفید بذر البنج ہر ایک چار ماشہ
افیون ایک تولہ مصری دو تولہ زعفران ایک تولہ سنبل الطیب
عقرقرحا تین تین ماسہ ہر ایک کا علیحدہ علیحدہ سفوف کرکے
چند ال سے شہد خالص کف گرفتہ میں شامل کریں اور
تین ماہ کے بعد نکال کر خوراک دو سرخ یعنی دو رتی سے
ایک ماشہ تک استعمال کریں اور نیز اس کی قوت پانچ
برس تک قائم رہتی ہے۔

ماء الشعیر یعنی آش جو جو کہ بعض امراض میں اطبا مریض
کے واسطے بتاتے ہیں اور اس کے سوا
اور کوئی مغیر غذا مریض کے لئے نہیں ہے۔ اس کے
بنانے کا قاعدہ یہ ہے (نسخہ) جو اعلیٰ قسم ایک چھٹانک
لیکر سوا سیر پانی میں جوش دیں جب پانی رنگدار ہو جائے تو
وہ پانی پھینک دیں اور پھر پانی ڈالدیں اور جوش دیں
جب پانی دوبارہ رنگدار ہو جائے تو اس کو بھی ضائع کریں
اسی طرح دو تین دفعہ پانی میں پکا کر جب جو پھٹ جائیں
اور پانی گاڑھا ہو جائے تو اس کو سرد کریں۔ بعدہٗ قند
سفید یا مصری یا کوئی شربت جو اس مرض کے لئے مفید
ہو ڈالکر پلائیں۔

بواسیر

خونی و بادی کے لئے نہایت مجرب اور مفید سفوف پیش نظر کیا جاتا۔ جس کے استعمال سے کلی فائدہ ہو جاتا ہے

سفوف مغز بکاین۔ مغز تخم نیب۔ سونٹ ہلیلہ سیاہ مساوی الوزن سفوف کر کے ہمراہ آب سرد خوراک تین ماشہ کھائیں اور ان کے بوقت چنے بھنے ہوئے چبائیں بفضل تعالٰے آرام ہو۔

کھانسی

جب مواد دماغی صدر یاریہ کی طرف گرتا ہے اور پھیپھڑوں کے سوراخوں کو بند کرنا چاہتا ہے۔ اور طبیعت ان کو اچھالتی ہے اوس کو کھانسی کہتے ہیں اگر کھانسی اس قسم کی سخت ہو کہ اسکی ساتھ آواز نہ نکلے تو اس کے واسطے مجرب علاج یہ ہے نسخہ اچھال شہتوت چھ ماشہ نبکو قتہ گل بنفشہ کشمیری چار ماشہ تخم پالک چار ماشہ برگ گاؤزبان چھ ماشہ عناب تین دانہ سپستان دس دانہ تخم خبازی چار ماشہ رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو دیں او صبح صاف کر کے شربت شہتوت تولہ ڈالکر پلا دیں خدا کے فضل سے آرام ہو اور اگر کھانسی خشک ہو اور بلغم بالکل خارج نہ ہوتی ہو اور سینہ میں

خرخراہٹ رہتی ہو تو اس کا علاج یہ کریں رب السوس ولایتی
ایک ماشہ گل گاؤزبان ایکماشہ شکر تیغال ایک ماشہ کہربا شمعی
ایکماشہ سبکو باریک پیسکر شہد ۶ ماشہ اور شربت بنفشہ ۱۲ ماشہ میں ملاکر
تھوڑا تھوڑا استعمال کریں یعنی چٹائیں اور اسکے اوپر سے بہدانہ
شیرین چھ ماشہ برگ گاؤزبان چار ماشہ سپستان دس دانہ
تخم خبازی چار ماشہ تخم خطمی چار ماشہ ملٹھی چار ماشہ عناب ولایتی
تین دانہ مغز کدو شیرین چھ ماشہ رات کو عرق گاؤزبان ایکپاؤ
میں بھگو دیں صبح صاف کرکے مصری ایکتولہ یا شربت عناب تولہ
ملاکر پلائیں خدا کے حکم سے ارام ہو۔

درد شقیقہ یعنی آدھا سیسی

چاند کی پہلی جمعرات کو منتر ذیل کو ایکسو تیس
پڑھکر ورد کریں اور بعدہٗ جب کسی کو درد
نیم سر ہو تو اس منتر کو ۷ دفعہ پڑھکر دم کرے خدا کے فضل سے آرام ہو
لیکن بوقت عمل خوشبو لوبان وغیرہ ضرور آگ پر دکھار کھے۔

منتر) بن میں جاوے بندری آدھا پھل توڑ کھاوے۔
کھڑے سے محمد بانگ دیں آدھا سیسی جاوے

باری کا بخار

جس کو تریہ کہتے ہیں ان کے لئے مجرب نسخہ
یہ ہے کہ جسدن بخار کی باری ہو اُسدن
اسبغول ۶ ماشہ ہمراہ آب تمر ہندی یعنی املی پانچ تولہ کو رات سے

بھگو رکھیں نوبت سے تھوڑی دیر پہلے اسپغول مذکورہ اس کے پانی کے ساتھ کھائیں خدا کے فضل سے بخار نہ ہوگا اگر اس طرح ارام نہ ہو تو ایک بزرگ کا مجرب تعویذ باری کے دن گلے میں ڈالیں جو کہ یہ طریق کرنا چاہئے بخار کے پندرہ منٹ پہلے ذیل کے دونوں تعویذوں میں سے ایک گلے میں ڈالیں اور ایک کی دھونی دیں اور گرد جسم کے چادر اوڑھ کر لیں تاکہ دھواں تمام بدن کو لگے۔ تعویذ یہ ہے (فرعون فرعان اور فرعون بے فرعون)

درد پیٹ) اگر پیٹ میں درد ہو تو اسم باری تعالیٰ تھوڑا سا گڑ سونف کے چاول نکال کر ان پر دم کر کے کھائیں خدا کے حکم سے درد بند ہو (اسم یہ ہے) اللّٰہ الصمد)

نسخہ مجرب برائے داد خارش

پارہ نیلا تھوتھا۔ آملہ سار گندھک پاپڑیا۔ کتھ سہاگہ۔ تیلیا گیرو شورہ قلمی ہر ایک دوائی چھ ماشہ۔ روغن زرد پندرہ تولہ میں اول گندھک اور پارہ کو اچھی طرح کھرل کریں جب خوب کھرل ہو جائے تو قلمی شورہ باریک کر کے اس میں ڈالکر کھرل کریں حتی کہ ایک ذات ہو جائے بعدہٗ چینی کے برتن میں سنبھال کر رکھیں اور چند دن لیپ کریں مرض داد خارش جاتی رہے۔ اور اگر خشک خارش ہو تو تمام بدن پر ملکر دھوپ میں بیٹھکر نیمگرم پانی سے غسل کریں لیکن غسل کے وقت آٹا

نخود بدن پر ملیں اور بعدہٗ قدرے روغن چنبیلی کی مالش کریں
خدا کے فضل سے آرام ہو۔

نسخہ یاقوتی گرم

از بیاض خواجہ رشید صاحب۔ فوائد اس کے یہ ہیں سیاح سودا کو دفع کرتی ہے۔
خوشی پیدا کرتی ہے دل۔ دماغ۔ اور جگر معدہ اور گردہ کو
قوت بخشتی ہے۔ وسواس کو مفید ہے خفقان کو دور
کرتی ہے۔ رنگ کو صاف کرتی ہے۔ نسخہ ذیل ملاحظہ کریں
یاقوت سرخ نو ماشہ یاقوت زرد یاقوت نیلا یاقوت سفید
ہر ایک ڈیڑھ تولہ لعل بدخشی فیروزہ نیشاپوری ہر ایک ساڑھے
تیرہ ماشہ موتی بے بندھے ڈیڑھ تولہ مونگے کی جڑ سرخ
کہربائے شمعی ہر ایک نو ماشہ عقیق سفید ڈیڑھ تولہ سنگ
یشب سبز ساڑھے تیرہ ماشہ لاجورد نو ماشہ زہر مہرہ پونے سات ماشہ
بادرنج بویہ بالچھڑ بہمن سرخ ہر ایک نو ماشہ ابریشم تراشیدہ
لونگ بادرنجبویہ دارچینی کباب چینی تخم بادرنجبویہ بڑی الائچی
ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ اگر خام درونج عقربی ہر ایک پونے تولہ
ساڑھے دس ماشہ تخم فرنجمشک گاؤزبان اکلی ہر ایک اکتولہ
ساڑھے دس ماشہ گیری نو ماشہ بالخصوص اس کے گل روغنی
نو ماشہ نیلوفر کے پھول صندل سرخ صندل سفید ہر ایک
ساڑھے تیرہ ماشہ پوست بیرون پستہ گل مختوم بالخصوص

گل داغستانی دارچینی بہمن سفید ہر ایک ڈیڑھ تولہ طباشیر سفید ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ آملہ مقشر پوست ہڑ کابلی ہر ایک پونے چار تولہ آب زرشک نچوڑا ہوا پانچ تولہ ساڑھے سات ماشہ مشک خالص پونے سات ماشہ عنبر اشہب ورق طلاء ورق نقرہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ پانی چونے کا نصف چھٹانک کم آدھ سیر آب سیب شیریں یہی نتھی گلاب ہر ایک چھٹانک کم آدھ سیر عرق بید مشک نبات مصری سفید ہر ایک آدھ پاؤ کم دو سیر قند مصری کو عرقیات میں گھلا کر پانی میوہ جات میں قوام کریں اور اخیر میں چونے کا پانی ملاویں حسب دستور دوائیں گوندھ کر رکھیں مقدار خوراک پونے دو ماشہ سے ساڑھے تین ماشہ تک۔

یاقوتی سرد دل اور اعضاء رئیسہ کو قوت بخشتی ہے۔
(نسخہ) یاقوت سرخ۔ موتی بے بند ہے۔ کہربائے شمعی ہر ایک چھ ماشہ چار رتی چھ چاول کدو کے بیج کی گری یعنی مغز تخم کدو مغز تخم خیار گل گاؤزبان گل سرخ کلیاں اعلیٰ درجہ کشنیز خشک چھیلا ہوا صندل سفید ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ طباشیر سفید سوا گیارہ ماشہ عنبر اشہب ابریشم تراشیدہ ورق نقرہ ہر ایک پانچ ماشہ دو رتی سوا دو چاول ورق طلاء ساڑھے چار ماشہ

قند سفید چھبیس تولہ شربت سیب شیریں و شہد خالص ہر ایک ساڑھے سات تولہ عرق گلاب بید مشک جو کہ خود اپنی زیر نگرانی سے نکالا ہوا ہو اور پھلا ہوا آخری نہ ہو ہر ایک اٹھارہ تولہ ۹ ماشہ حسب دستور تیار کریں خوراک کا مقدار صرف ساڑھے چار ماشہ خصوصاً تقویت دل کے لئے نہایت اکسیر بے نظیر ہے۔ اور علاوہ ازیں اعضائے رئیسہ کے لئے طاقت بخشنے میں جادو اثر ہے۔ یہ نسخہ بھی نہایت کوشش سے پرانی کتاب قلمی سے نقل کر کے لکھا ہے جس کو حکماء زمانہ قدیم بھی استعمال کرتے رہے ہیں۔

ماء اللحم برائے تقویت دل و مقوی۔ بھوک زیادہ کرتا ہے قوت باہ کیلئے بے نظیر ہے۔ ترکیب نسخہ درج ذیل ہے ملاحظہ کر کے بمطابق ضرورت تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔ (نسخہ) گوشت تیتر کا آدھ سیر گوشت چکور کا ایک سیر گوشت ہرن کا ایک سیر گوشت مرغ کا آدھ سیر گوشت چڑوں خانگی کا پاؤ سیر گوشت کبوتر صحرائے کا پاؤ سیر لونگ پوست بیرون پستہ کلیجن بوزیدان جائفل جاوتری گل سرخ بنسلوچن سفید گل گاؤزبان بادرنجبویا ہر ایک ایک تولہ دارچینی الائچی خورد گوگھرو پوست ترنج کشنیز خشک چھلا ہوا صندل سفید گاؤزبان اصلی بہمن سرخ و سفید شقاقل مصری تودری سرخ

تودری سفید ہر ایک دو تولہ اگر عزتی چھ ماشہ درونج عقربی
ایک تولہ زعفران چار رتی اندرجو مصطگی رومی دو تولہ
مشک دو ماشہ عنبر اشہب دو ماشہ تخم فرنجمشک ایک تولہ
تخم ہلیوں دو تولہ تج ایک تولہ آملہ دو تولہ کابلی ہڑ دو تولہ
آب سیب شیریں آدھ سیر آب بہی آدھ سیر گلاب دو سیر
پانی گذر یعنی گاجر دس سیر عرق بادرنجبویہ دو سیر پانی خالص
بقدر ضرورت ڈالکر بار اللحم نکالیں نہایت مفید او مجرب فائدہ مند ہے

جوارش از خواجہ بو علی سینا۔ اس کے استعمال سے خفقان اور تنگیٔ دل دور ہوتی ہے ریاح کو توڑتی
ہے۔ نہایت مفید ہے نسخہ یہ ہے۔ اگر خام ساڑھے دس ماشہ
مشک بتی ایک ماشہ تین چاول کافور ریاحی ۲ رتی سواد
چاول جاوتری۔ ناگیسر۔ ناگرموتھ فرنجمشک زرنب نرکچور
ہر ایک ساڑھے چار ماشہ دارچینی مصطگی سونٹھ پیپل لونگ
ہر ایک سات ماشہ گاؤزبان ساڑھے ستارہ ماشہ اجوائن دیسی
اجمود یسی پچھ تر گی سنبل الطیب ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
شہد صاف کئے ہوئے بطریق جوارش تیار کریں اور
مقدار ۲ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔
جوارش کسرای / صاحب ذخیرہ خوارزم شاہی تحریر

فرماتے ہیں کہ میں ایک شہر بلخ میں ایک شخص کو دیکھا جو بیچارہ درد معدہ سے اسقدر تنگ تھا کہ خدایا پناہ اکثر طبیبوں نے علاج معالجہ کیا لیکن کسی دوا سے غریب کو کوئی فائدہ نہ ہوا مگر اس جوارش سے اس کو فائدہ ہوگیا۔ یہ جوارش کسریٰ کے لئے تیار کی گئی تھی اس واسطے اس کا نام طبیب حاذق نے اسوقت جوارش کسرای رکھا۔ یہ جوارش عورتوں کو برائے امراض رحم نہایت مفید اور خفقان کے لئے بھی نہایت اکسیر ہے۔ لیکن بوڑھوں کے لئے اکسیر بےنظیر ہے۔

(نسخہ) روغن بلسان سات ماشہ عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ سونف رومی ناگیر اجمود عود بید سنتر افیون، اجواین خراسانی سفید بادرنجبویہ کی پتی دونا مروا کے بیج زعفران ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کباب چینی لونگ الائچی کلان ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ عنبر اشہب کو روغن بلسان میں گھلا دیں اور افیون کو شراب میں حل کریں اور شہد جھاگ لئے ہوئے میں گوندھ کر دو ماہ تک رکھیں بہتر یہ ہے کہ چھ ماہ تک رکھیں اور بعدہ خوراک صرف ۲ ماشہ با ۳ ماشہ استعمال کریں۔

مفرح جالینوس جو کہ امراض ذیل کے لئے نہایت مجرب و مفید ہے نافع اور دوار صرع

شقیقہ، مالیخولیا، خفقان، حمیٰ و تشنگی۔ دافع سموم اور دافع صعود الابخرہ بطرف دماغ۔ (نسخہ) آملہ سات روز دودہ میں اور تین روز گلاب خالص میں بھگو کر خشک کریں گل گاؤزبان تخم خربزہ ہر ایک بیس مثقال صندل سفید۔ سرخ و زرد پوست بیخ بادیان بالچھڑ ہر ایک دس مثقال بہمن سفید دارچینی طباشیر کشنیز پوست ترنج و نارنج ابریشم تراشیدہ کہربا شمعی ہر ایک پانچ مثقال مرجان قرمزی مروارید ناسفتہ ہر ایک تین مثقال ورق طلاء ورق نقرہ یاقوت احمر زمرد سبز ہر ایک دو مثقال لیکر شربت ریباس و انار ترش و شیریں ایک حصہ کے ساتھ باہم ملائیں درجہ اول میں یہ دوا سرد ہے۔ خشک درجہ سوئم

مفرح شیخ الرئیس بو علی سینا

مراق اور مجرور اور مزاج کو نہایت درجہ مفید اور رنجا کے لئے نہایت اکسیر ہے دوالمسک اور یاقوتی دونوں سے مفید ہے۔ اور سرد ہے۔ تپ دق بعد خفقان نیز بخارات سوداوی کو دفع کرتی ہے

(نسخہ) تخم کاہو مغز تخم خربزہ مغز کدو مغز خیارین خرفہ سیاہ گاؤزبان ہر ایک نو ماشہ مروارید ناسفتہ بسد کہربا مرجان قرمزی سرطان نہری تراشیدہ ابریشم ہر ایک تین ماشہ۔

صندل سرخ وسفید وزرد طباشیر دانہ ہیل خورد ہر ایک چھ ماشہ عود غرقی درونج عقربی زرنباد بہمن سفید ہر ایک پانچ ماشہ گل سرخ پندرہ ماشہ زعفران ڈیڑھ ماشہ مشک عنبر ہر ایک ایک ماشہ شربت سیب بہی وانار ہر ایک چودہ ماشہ ورق نقرہ سات ماشہ بدستور بطریق مفرح کریں نہایت مجرب ہے۔

(نسخہ) مفرح جو کہ مرزا جہان خسرو بہادر برادر شاہ کیواسطے تیار کیا گیا تھا اور مقوی دماغ وقلب اور روح نفسانی کیلئے مفید ہے۔

مرجان قرمزی گل گاؤزبان بنسلوچن سنگ شب سبز ہر ایک تین ماشہ بہمن سفید چھ ماشہ مصطگی دو ماشہ ورق چاندی کے دو ماشہ بسد احمر گاؤزبان الائچی خورد تخم فرنجمشک ہر ایک چار ماشہ مروارید ناسفتہ تین ماشہ آب سیب عرق بید مشک ہر ایک پانچ تولہ قند سفید ایک پاؤ مشک عنبر ہر ایک ڈیڑھ ماشہ ورق چاندی کے اور ورق سونے کے ہر ایک دو ماشہ سبکو بدستور سابق تیار کریں نہایت اکسیر بے نظیر ہے۔

(نسخہ) حضرت ظل سبحانی سراج الدین ابوظفر محمد بہادر شاہ صاحب کے واسطے تجویز کیا گیا تھا۔ اور ایام غدر یعنی [illegible] تک بادشاہ موصوف کے استعمال میں رہا تھا نسخ

کیا جاتا ہے نہایت پرانے بیاض سے نقل کرکے درج کیا گیا ہے
(نسخہ) گوشت بز تازہ فربہ پانچ سیر ہڈی وغیرہ سے صاف کیا ہوا
روغن زرد اور مصالح میں بریان کریں بعدہ گاؤزبان
صندل سرخ وسفید و زرد قاقلین ہر ایک تین دام گل گاؤزبان دو دام
گل سرخ چار دام عرق گلاب علی عرق کیوڑہ عرق الائچی عرق سونف
ہر ایک ایک شیشہ دیگچہ میں ڈالکر عنبر مشک ہر ایک ڈھائی ماشہ زعفران
تین ماشہ پنچہ میں باندھ کر بطریق مشہور عرق نکالیں نہایت مفید ہے

حب گھوڑا چالی اس کو دہونتر بید وید نے ایجاد کیا تھا اور جو کہ بہت سی امراض کے لئے فائدہ
مند ہو بلکہ اکسیر بے نظیر ہے اسکا استعمال مختلف طریقہ سے
درج ہے (نسخہ) پارہ گندہک آملہ سار ہڑتال طبقی میٹھا تیلیا
ہرڑ آملہ بہیڑہ ہلیلہ سیاہ زرد فلفل سیاہ حب السلاطین یعنی
جمالگوٹہ تخم دہتورہ۔ لونگ۔ تربد سہاگہ اجوائن
خراسانی اجوائن دیسی عقرقرحا زنبیلی ہر ایک مساوی الوزن
جمالگوٹہ مدبر کریں پارہ سودہ کریں گندہک صاف
کریں بعدہ سب کو کوٹ کر لوہے کے دستہ سے
چار دن عرق بھنگرہ سبز سے کھرل کرکے گولیاں بقدر
دانہ ماش بنائیں طریقہ مدبر کرنے جمالگوٹہ کا یہ ہے جمالگوٹہ چھیل کر

چیر کے دو حصے کریں اور بیج سے سبز پتہ نکال دیں بعدہٗ
ایک پوٹلی کپڑے کی بناکر اسمیں باندھ لیں اور گوبر گائے
میں پکائیں اور پھر اس سے نکال کر دودھ گائے میں پکائیں
بعدہٗ نکالکر صاف کریں مدبر ہو جائے گا۔ طریق گندھک
صاف کرنے کا یہ ہے اول گندھک کو باریک کریں اور ایک
صاف برتن میں گائے کا دودھ ڈالکر اوپر منہہ کے کپڑا باندھ
دیں۔ اس کے اوپر گندھک بچھاکر آ نار دگرد کھڑا کریں اور
ان کے اوپر باریک ٹین کا توا رکھیں اور توہ کے اوپر آگ
کوئلہ رکھیں گندھک نیچے سے پگل کر برتن ذیل دودھ میں
گرتی جائے گی اس طرح سات مرتبہ کریں تو پھر استعمال کرنے
کے لائق ہو جائے گی بعدہٗ پارہ کو درست اسطریق سے کرنا چاہئے
پارہ کو اینٹوں کے برادہ میں رگڑیں اور دن بھر کھرل
کریں پھر نکال کر سفوف ہلدی میں ڈالکر یہ پہر یعنی دن بھر
کھرل کریں جب وقت ہلدی سیاہی کا رنگ پکڑے تو
صاف ہو جائے گا جب آپ جبوب تیار کرلیں تو
ذیل کی امراض پر ان کو اس طرح استعمال کریں نہایت
مفید اور اکسیر ہیں ؎

ترکیب استعمال

دردِ شکم۔ ہلیلہ کے سفوف سے ملا کر ایک گولی کھلاؤ۔
گرانی پیٹ۔ ایک گولی ہمراہ نیم گرم پانی کے دیں
سنگرہنی ایک گولی چھاچھ سے اور موچرس سے ۷ روز تک دیں۔
سول۔ ادھا درم قند سفید و موچرس ۱۲ درم سے ایک گولی کھلاؤ
قراقر پیٹ.. ایک گولی ہنگ میں ملا کر کھلائیں۔
خونی دست۔ ۱۲ درم مصری اور آدھا درم موچرس اس سے ایک گولی کھلاؤ
باؤ گولہ... نمک لاہوری سے ایک گولی کھلاؤ۔
مارگزیدہ... ایک پچھنے لگا کر رگڑ کے لگا دیں۔
ورم شکم.. دو بلاس پاپڑہ اور قدرے ادرک سے ملا کر دیں۔
عقرب کا کاٹا۔ ایک گولی چودہ مرچ سیاہ اور دو قدرے سونٹھ میں ملا کر کھلائیں۔
سوزاک.. قرحہ سوزاک کے لئے عرق سنبھالو سے ایک گولی دو اور اگر سوزاک تازہ ہو تو ایک گولی ہمراہ لسی کے کھلاؤ۔
بدبو دہن.. مصری سے ملا کر ۷ دن تک مضمضہ کریں۔
تپ دق۔ ایک گولی فلفل دراز سے ملا کر ہر روز کھلاویں اور آنکھ میں بھی لگاؤ۔
سستی و کاہلی۔ تخم بنولہ سے ملا کر ایک گولی روز کھلاؤ۔
دردِ سر۔ دو درم نر بچلا اور روغن تلخ ملا کر برابر ملو۔
ناسور۔ استخوان سوختہ سے ملا کر لگاؤ۔
ناخنہ چشم.. گھس کر آنکھ میں لگاؤ۔
دردِ کان.. آدھا درم سونٹھ اور قدرے دودھ رت میں ملا کر کان میں

پچکاری کرو۔
درد دانت۔ ایک گولی پانی میں بھکری ملاکراس میں گھسکر دانتوں پہ لگاؤ
رتوندہ۔ ایک گولی لعاب دہن میں گھسکر آنکھ میں لگاؤ۔
کدو دانہ۔ تخم چرچیٹہ اور تخم ہلیل سے ملاکر ہر روز ایک بیس یوم تک کھلاؤ
اوپر سے پان کھلاؤ۔
ادرار حیض۔۔ انڈوں سے ملاکر ہر روز ایک گولی کھلاؤ۔
درد چشم۔۔ پانی آملہ وزیرہ سفید کے پانی میں گھسکر آنکھ میں لگانے سے آرام ہو
پھولہ روغن تل سے یعنی میٹھا تیل سے گھسکر آنکھ میں لگاؤ
شبکوری ایضاً
ضعف چشم۔ ہر روز ہمراہ عرق بادیان ایک گولی کھلائیں۔
آتشک و فساد خون۔ ایک گولی ہر روز برگ نیم ساڑھے تین ماشہ سے
کھلاویں اور بہ یوم تک برابر استعمال کریں۔
حبس بول۔ سونٹھ سے ملاکر چند یوم کھلاؤ
بانجھپن۔۔۔ ایک گولی چہارم حصہ کافور میں ملاکر دو ماہ تک استعمال کریں
صرع امرچ سیاہ سے ملاکر بسپیکر ایک گولی انسوار لیں۔
ہوا بھرک جائے ایک گولی کھلاؤ اور بعدہٗ چائے یا دودھ پلاویں
قوت باہ۔ شہد خالص سے ایک ہفتہ تک ایک گولی کھلاویں۔
برص۔ ۔ تخم کونج اور بیج دھتورہ دونو کا سفوف کرکے اور گولی
ملاکر لیپ کریں۔
چھایاں۔ ۔ عرق چھلکہ سنگترہ میں ملاکر لگائیں۔
بواسیر عرق گگروندہ سے ایک گولی ہر روز کھلاویں۔
خفت عقل ایک گولی ہمراہ لعاب کوارگندل کھلاویں۔
بال خورہ۔۔ کنگنی کے پتوں سے ملاکر لیپ کریں۔

گنٹھیا کلی آک سے ملا کر ہر روز ایک گولی کھاویں۔

زہر خورہ گلو یا گھی سے ملا کر دو۔

رعشہ - عرق دہتورے کے پتوں کا نکال کر اس میں ایک بنا کر مالش کریں۔

لقوہ عرق لہسن و عرق ادرک میں ایک ملا کر کھلاؤ۔

استسقا، کچنار کے عرق سے ایک گولی دے دیویں۔

طحال یا تلی۔ عرق کوار گندل سے ایک گولی دیویں۔

کھانسی پان میں ایک گولی کھلاؤ۔

جلن چھاتی بھنگ میں ملا کر مالش کرو

رکوتہ تر پھلا سے ملا کر مالش کرو

ضیق النفس جائفل سے ملا کر دو۔

یرقان - عرق نیدرل سے پیسکر بطور نسوار دو

جریان عرق گلو تازہ سے ایک کھلاویں خدا کے حکم سے شفا ہو

سستی عضو تناسل روغن کچلہ میں ملا کر ۷ یوم تک لیپ کریں بفضلِ خدا سستی دور ہو

ڈبہ اطفال ایک گولی دیکر بعدہٗ زیرہ ماشہ یا ڈیڑھ ماشہ سے قریب دیدیویں یعنی پھنکا دیویں۔

حفظ ما تقدم۔ اگر ہر روز ایک گولی کھایا کریں تو بحکم اللہ کوئی بھی مرض آپ کے قریب نہ آئے گی۔

تشریح اوزان طبّی

وزن	مقدار	نام وزن	مقدار
چاول	۸ خشخاش کا ہوتا ہے	قنطار	۴ من
رتی	۸ چاول کی ہوتی ہے	کف	مٹھی بھر

ماشہ ۸ رتی - اوقیہ ۷ درم - تولہ ۱۲ ماشہ - درم ۳ ماشہ بعض نے ساڑھے

چھٹانک :: ۵ تولہ ۔ ۔ رستار ۔ ساڑھے چار ماشہ ۔ سیر شاہی :: ۲۱ ماشہ ۔ درہم ۔ ۸ جو کا ماشہ
سیر انگریزی :: ۸۰ تولہ ۔ وام ۔ ایک تولہ ۸ ماشہ :: من دیسی :: ۴۰ سیر ۔ دام خام ۔ ایک تولہ
رطل :: ۴۰ تولہ ساڑھے چار ماشہ ۔ { حبہ } رتی کا نام ہے ۔
پیسہ انگریزی ۔ ۶ ماشہ ۴ رتی ۔ سرخ رتی { غنو نوب } مثقال ۔ ۳ ماشہ ۶ رتی
قسط ۔ اڑھائی رطل کا ہوتا ہے :: دینار ۔ ۵۷ جو بھر ::
قفیز :: تفیلی کا ایک پیمانہ ۔ ٹانک ۔ چار ماشہ ۔ دانگ ۔ ۴ رتی ۔